© rasailojaraid.com



رکاوٹ ہے۔ دنیا بھر کے مفکرین، قائدین اور دانشوروں کو اس امر کا بلاگ جائزہ لینا چاہیئے کہ بین الاقوامی سلامتی اور امن عالم کے کاز کو موجودہ وقت میں کتنا بڑھاوا ملا ہے یا اس کے برعکس رجحانات کو تقویت مل رہی ہے۔؟؟

## دل کے پھپھولے جل اُٹھے سینے کے داغ سے
## گھر ہی کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

کس قدر تکلیف دہ ہے یہ بات کہ ملت کے بہی خواہ، ملت کے اداروں کے رہے ہیں۔ محقق حضرت مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی نے جن دو اداروں کی آبیاری کی اور پروان چڑھایا۔ ان دو اداروں کو یکسر نیست و نابود کر کے چند ضمیر فروش مکتبہ برہان اور ندوۃ المصنفین کو مالی مشکلات میں مبتلا کر رہے ہیں۔ جعلی کتابیں چھاپ کر ناجائز نفع کما رہے ہیں اور اس طرح اپنے ایمان کو داغدار کر رہے ہیں۔ دیگر کتابوں کے علاوہ، مصباح اللغات اور قصص القرآن کو بلا اجازت مکتبہ برہان اور ندوۃ المصنفین چھاپ کر ہر دو اداروں کو مالی بحران میں مبتلا کر رہے ہیں۔ قانونی چارہ جوئی کے نوٹس کچھ لوگوں کو دیئے جا چکے ہیں۔

مگر اپنی نازیبا اور غیر قانونی حرکتوں سے اب بھی باز نہیں آتے۔ شرم، شرم، آپ سب مخلص حضرات سے التماس ہے کہ ہر دو کتابیں اور دیگر بھی صرف مکتبہ برہان اور ندوۃ المصنفین سے ہی خرید فرمائیں۔ اور چند پیسوں کے خاطر غیر ذمہ دار افراد کی حوصلہ افزائی فرما کر ادارہ ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کو مالی مشکلات میں مبتلا نہ کریں۔ اللہ آپ کو اس کی جزا دے گا۔

خادم:۔ عمید الرحمٰن عثمانی خلف مفتی عتیق الرحمٰن عثمانیؒ
منیجر مکتبہ برہان و ندوۃ المصنفین۔ دہلی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فِی القرآن شِفَآءٌ مِّن کُلِّ دَآءٍ

"قرآن کریم کے اندر ہر بیماری سے شفاء ہے"

قرآن کریم واحادیث مبارکہ کی روشنی میں

قرآن حکیم کی ایک سو چودہ سورتوں (مکمل تیس ۳۰ پاروں) کے ساتھ ساتھ

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

کے بھی فضائل واعمال، فیوض وبرکات، فوائد وخواص کی واحد کتاب

# فضائلِ قرآنِ معظم

مرتبہ: سید مجیب الرحمٰن

اس کتاب کے مطالعہ سے آپ کی مایوسی انشاء اللہ تعالیٰ خوشی میں بدل جائے گی۔ اگر آپ کسی الجھن یا پریشانی یا بیماری میں مبتلا ہیں جیسے شادی، ملازمت، صحت سے محرومی، کاروبار میں ترقی غرضیکہ ہر الجھن اور ہر مقصد میں کامیابی چاہتے ہیں تو آج ہی رحمٰن پبلیکیشنز کی شائع کردہ کتاب فضائلِ قرآنِ معظم کا مطالعہ کیجئے۔ اس نادرونایاب کتاب کو پڑھنے کے بعد آپ اپنے ہر دکھ درد، غم والم، اور جسمانی وروحانی بیماریوں کا علاج بآسانی خود بھی کر سکتے ہیں۔ قیمت صرف بیس ۲۰ روپے۔

**رحمٰن پبلیکیشنز ۷ ۴ ۵ چوڑی والان دہلی ۶**

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# ابوالطیب متنبی کے مذہبی رجحانات

## (۲)

ڈاکٹر غلام یحییٰ انجم، استاذ شعبۂ دینیات، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

## دعوائے نبوت:۔

متنبی کی زندگی کے اس نمایاں پہلو پر عربی داں و دونوں زبانوں میں بہت کچھ لکھا گیا ہے اس سلسلے میں ہر لکھنے والے کی ایک جداگانہ رائے ہے اس بارے میں صحیح بات کیا ہے کہنا اور لکھنا مشکل ہے اس لئے کہ مورخین اور مصنفین میں اکثر کسی صحیح نتیجے پر پہونچے بغیر اقوال نقل کر کے آگے بڑھ گئے ہیں۔ یہاں بھی انھیں اقوال کی روشنی میں کچھ کہنے اور پھر صحیح نتیجے پر پہونچنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس شاعر کے دعوئ نبوت کے سلسلہ میں جو چند باتیں نمایاں طور پر ابھر کر سامنے آتی ہیں ان میں سے چند یہ ہیں۔

(۱) کیا متنبی نے دعوئ نبوت کیا تھا؟

(۲) کیا متنبی نے دعوی نبوت نہیں کیا تھا؟

(۳) اگر متنبی نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا تھا تو پھر وہ متنبی کے لقب سے مشہور

© rasailojaraid.com